انا مدینۃ العلم و علی بابہا

تردید الکاذبین

حسب الارشاد جناب سید امیر کاظم صاحب رئیس نگینہ
مصنفہ سید ضمیر حسن

جسمیں محمد عوض و اسد علی کے الزامات بیجا کا جواب احمد ظرافت آمین

دیا گیا ہے اور

مطبع فیض نگینہ میں چھپا

بار اول ۵۰۰ نمبر رجسٹر ۳۶۶ قیمت مجلد ۲

بسم اللہ الرحمن الرحیم

شیخ محمد عوض ساکن موضع تھیپور نے ایک رسالہ فارق الحق والباطل تصنیف کرکے میرے پاس بھیجا
اور ایک شجرہ سید اسد علی صاحب ساکن نہٹور نے مجکو دیکر یہہ فرمایش کی کہ اگر آپ اسکا جواب لکھین تو میرے
ہر دو فرقہ کا جواب ہو۔ مین نے دونون کو پڑہا تو مضمون قریب قریب ایک ہی سا ہے جسکا حاصل یہہ ہے۔ کہ
ساری کارروائی حضرت عمر کی حمایت مین کی گئی ہے اور جو باتین ان دونون نے صاحب تصنیف بننے کیلئے
لکھی ہین اون سب کے جواب بے تعداد چھپے چھپائے موجود ہین۔ سنیون نے یہہ طریقہ اختیار کر رکہا ہے
کہ جوابات کو مطلق نہین دیکھتے اور اپنی بہائین بہائین کئے جاتے ہین۔ بس جن لوگون کی کتب بینی کا یہہ
حال ہے کہ غیر مذاہب کی کتب کا دیکھنا حرام سمجھین اور اپنے اعتراض کے جوابات کو بھی نہ دیکھین اون لوگونکو
سوائے اسکے اور کچھہ علم نہین ہوسکتا کہ جتنا وہ جہلا سے سنتے چلے آتے ہین اور ایسے اشخاص نہ محقق ہوسکتے ہین
نہ مصلح ہوسکتے ہین بلکہ مفسد اور گنہگار ہوتے ہین اور اپنے جاہل بھائیون کو کفر مین مبتلا کرکے اپنی جماعت
کی تعداد بڑہاتے ہین۔ سنیون کی عام عادت ہے کہ ہر فرقہ و مذہب سے خواہمخواہ جھگڑا کرتے ہین اور
جو کچھہ اون کے اسلاف جھوٹی سچی ہزلیات بتا گئے ہین ہر عالم و جاہل اونکو حضرت عمر کا صحیفہ سمجھکر اپنی
جھولی مین ڈالے ہوئے بیٹھے ہین۔ وہ غیر کتب کو تو کیا دیکھینگے اونکو اپنے ہی گھر کی خبر نہین۔ یا یہ کہ

مضامین کو مثل بلی کے گوہ کے چھپاتے ہین مگر کب تک جب غیر قومین اوسپر پانی ڈالینگی تو آخر کار بو
پھیلے گی جن رد شدہ باتون کو دونون مصنفین نے بمصداق ایسے لوگون کے جنکا مقولہ ہمیشہ یہہ رہتا ہو
کہ آپ کے مارے تو جانون میرے سامنے پیش کیا ہے اونکا بار بار جواب لکھنے مین اپنا قیمتی
وقت ضائع کرنا ہے اور اپنے داموں کا برباد کرنا - کیا سنی اون جوابات کو رد کر چکے ہین - ہان
اگر سید اسد علی صاحب چھپائی کے لاگت کے خود ذمہ دار ہون تو مین اونکے شجرہ کے لفظ
لفظ کا جواب اون کی سمجہہ اور لیاقت کے موافق ایک ہزار صفحہ مین دیسکتا ہون - مجکو یہہ بہی
امید نہین ہے کہ بوجہہ تعصب کے سنی میرے اس چھوٹے سے ریویو کو دیکھین یہہ بڑی کتاب لکھکر
اپنا سخت نقصان کرنا ہے میر صاحب نے جو شجرہ لکہا ہے اور حوالہ کتب شیعہ کا دیا ہے مین نہین
سمجہہ سکتا کہ حضرت عمر وغیرہ کو کیا فخر حاصل ہے کونسا شیعہ انکار کرتا ہے کہ حضرت عمر بنی عدی اور حضرت
ابو بکر بنی تیم اور حضرت عثمان بنی امیہ سے نہین ہین دوسرے حسب مسلمات مسلمانان و یہود و نصاریٰ
حضرت آدم کی اولاد مین انبیا اور آئمہ بہی ہین اور بہنگی چوڑے چمار بہی حضرت آدم کی اولاد مین ہین ہر شخص کے
مورث اعلے حضرت آدم ہی ہین - اب رہی رشتہ داریان دنیا مین عموماً قاعدہ ہے اور میر صاحب کو بہی
غالباً اسکا تجربہ ہوگا کہ حتی المقدور ہر شخص اپنے قبیلہ مین رشتہ کیا کرتا ہے یہانتک کہ اپنے قبیلہ کے بدچلن
اور بدتر آدمیون کو بہی بمقابلہ غیر قبیلہ اور قوم کے ترجیح دیجاتی ہے تو کوی بدترین شخص بذریعہ رشتہ داری کے
فخر حاصل نہین کر سکتا بلکہ افعال قبیحہ کے سامنے ذاتی شرافت بہی جاتی رہتی ہے جیسا کہ خداوند کریم نے
حضرت آدم اور حضرت نوح کے بیٹے کو نافرمانی کی وجہہ سے ملعون کرکے ثابت کر دیا ع بندگی باید پیمبر
زادگی درکار نیست - اگر دونون مصنفون کو مفسدہ برپا کرنا منظور ہے تو وہ اپنے اعمال کے ذمہ دار ہین -
اور اگر تحقیق مذہب منظور ہے تو مین اپنے دینیون کو خصوصاً اور سب سنیون کو عموماً باواز بلند پکار کے
بتاتا ہون کہ جو باتین آپنے حضرت عمر کی وحی سمجہکر لکہی ہین ان سب کے جوابات روشنی کی جلدون مین
موجود ہین - جہانگیر خان کی کتابون کا جواب شمس الضحیٰ اور معیار الہدیٰ مین دیکھئے - آیات بینات
کی ہزلیات کا جواب رمی الجمرات اور آیات محکمات مین دیکھئے تحفہ اثنا عشری کا جواب نزہۃ اثنا عشری
تشئید المطاعن مین دیکھئے اور گہڑے ہوئے عقد ام کلثوم کے متعلق کنز مکتوم - افسانہ اور احقاق الحق کے

ابواب قابل ملاحظہ ہین وہ کونسی بات ہے کہ جسکے متعدد جواب نہین موجود جنہون نے عالم سنت پر وہ اثر کیا کہ
جیسا گانون کے جھونپڑون مین آگ لگ کر اودھم مچائی اور کر تمام گانون کو پھونک دیتی ہے - اگر سنی اونکو مطلق
نہ دیکھین تو اونکو اختیار ہے ؎ گر نہ بیند بروز شپرہ چشم - چشمۂ آفتاب را چہ گناہ - جنہون نے ان کتب کی
سیر کی وہ فوراً ایمان لے آئے پس سنیون نے یہہ مکر اختیار کیا کہ شیعون کی کتب مین گالیان ہوتی ہین - اونکو
مت دیکھو - مین نے جہانتک کتب کی سیر کی تو جسقدر غیر مہذب الفاظ سے کتب سنیہ پر ہین کسی مذہب کی کتب
مین ایسے الفاظ نہین ہین اور لئے الزام دوسرون پر رکھتے ہین اسمین کچھ شک نہین ہے کہ جن علمانے شیعون کی نسبت
غیر مہذب الفاظ لکھے ہین اونہون نے یہ یقین کر لیا کہ ضرور یہان سے بھی جواب ترکی بہ ترکی ہوگا لہذا جہلا کو ایسا
دہوکہ دو کہ شیعہ کتب ہی کو نہ دیکھین اور تحقیق کا راستہ بند کر دو حالانکہ بیوقوف لوگ نہین سمجھتے کہ کسی کتاب مین گالیان
لکھنے یا گالیان بکنے سے کوئی مذہب کسی قسم کا فائدہ نہین اوٹھا سکتا - چونکہ شیعون کا خاص منشا اسلام کے سچے اصول کو
دنیا مین رواج دینا ہے پس کون ایسا بیوقوف ہو کہ وہ بذریعہ گالیون کے مذہبی اصول کو پھیلائے اور کون اسکو
بیجا نسمجھتا ہے چنانچہ دونون مصنفون کو شیعہ مذہب کی ترقی پر تعجب ہوکر ہول جولی پیدا ہوگئی کہ اونہون نے
اسکی رفتار کو قیاس سے باہر تسلیم کیا ہے جس سے صاف ثابت ہوتا ہے کہ ضرور اسمین بھلائی ہے ورنہ ترقی
ناممکن تھی بلاشک ہمکو **گورنمنٹ انگریزی** کا نہایت مشکور ہونا چاہئے کہ جسکے مبارک وقت مین ہم کامیابی
کے ساتھ اپنے مذہبی کام کو انجام دے رہے ہین اور کچھ شک نہین ہے کہ اگر ہمکو یہہ تیرہ سو سال ایسے اطمینان
کے ملجاتے جیسے سنیون کو تو دنیا مین صرف ایک مذہب شیعہ کا پہریرا اوڑتا نظر آتا کیونکہ ہم اقوال آئمہ طاہرین پر عمل کرتے ہین
زبانی وعظ و پند کرتے ہین مثل ڈاکون کے کسی پر تلوار لیکر نہین چڑہے اسیوجہہ سے خداوند کریم نے اوس جبر و ظلم
کی سلطنت کو برباد کر کے ایک **عادل گورنمنٹ** ہمکو عطا فرمائی لہذا مین پھر اپنی **گورنمنٹ** کا شکریہ ادا
کرتا ہون اور اپنے شیعہ بہائیون سے درخواست کرتا ہون کہ اس **گورنمنٹ** کے لئے برکت کی دعا کرین کہ خداوند کریم
اسکو نور ایمان اور انصاف اور رحم کی برکتون سے سرفراز کرے - مین پھر اپنے سنی بہائیون کو آگاہ کرتا ہون کہ اگر
تحقیق مذہب کا شوق ہے تو کتب شیعہ کو دیکھنے ورنہ بیکار شیعون کی منہ لگتے ہو شیعہ ناواقف نہین ہین وہ تمہاری
کتب کو خوب ٹٹولتے ہین مجھے امید ہے کہ اگر صرف کتب مندرجہ بالا کا مطالعہ سنی اور خاصکر دونون اشخاص جو
حضرت عمر کے جیسے دیوانے بن رہے ہین کرینگے تو یقیناً وہی جنونون والی آیت اپنے مذہب پر پڑھینگے - اور جیسے

الفاظ ان دونون نے لکھکر اپنی لیاقت جتائی ہے اگر شیعہ اونکا جواب ترکی بہ ترکی دین تو اپنی دفعہ کو تو
ہین مفسدہ کرتے ہین آخر آپ لوگون کو کونسا حق حاصل ہے کہ دوسرا جواب ندے جیسا کہتے ہو سننے کے لیے بھی
تیار رہو ہم کسی کو گالی نہین دیتے ہماری کتب ان باتون سے بری ہین گالی فواحش کو کہتے ہین اور یہہ روزمرہ
سنیون ہی کا ہے - ہمارے بچے بھی سنیون ہی سے سنکر سیکہتے ہین اس بحث کو مین تفضیح الکاذبین مین لکہہ چکا -
ہان اگر کوئی شخص گالی کا جواب گالی دے تو اوسکو منصب ہے آپ لوگ اسوقت تک یہہ نہین ثابت
کر سکتے کہ شیعون نے کبھی اول خود کوئی کتاب لکھی ہو جس سے سنیون پر حملہ کیا ہو - شیعون نے جسقدر لکھے
جواب لکھے اوسپر سنی روتے ہین اور جوابات کو مطلق نہین دیکھتے - ہان اگر سنی مہذب الفاظ نکالینگے
تو شیعہ بھی تہذیب برتین گے ورنہ سنیون کا کسی پر کیا احسان ہے کہ جو جی چاہین بکدین اور دوسرا جواب
ندے مثلاً مولوی جہانگیر خان نے حضرت علی کی نسبت بازیگر شعبدہ باز اتیت لکھا ہے کہ جنکو خود بھی خلیفہ
برحق مانتے ہین (افسوس جنکے خلفاء برحق بازیگر شعبدہ باز ہون اونکے مذہب کا کیا ٹھکانا ہے) اور حضرت
فاطمہ کی نسبت بُری الفاظ استعمال کئے ہین مگر سنی ہین کہ حضرت عمر کی خوشامد مین سب کچھ سُن رہے ہین پس
اگر شیعہ بھی جواب مین سنیون کی کتب سے چھانٹ چھانٹ کر حضرت عمر کی خدمت کرین تو کیون بو کہلاتے ہو
تمہارے ہی کتب کو دکھلاتے ہین حالانکہ تم لوگ حضرت علی کو اچھا مانکر خواہمخواہ عیوب پیدا کرتے ہو اور شیعہ
کسی عنوان حضرت عمر کو اچھا نہین جانتے - یہہ تو سنیون ہی نے دنیا سے نرالا دستور نکالا ہے کہ فلان شخص
مین یہہ عیب ہے یہہ گناہ کیا یہہ خطا کی شراب پی شیطان مسلط رہا مسائل شرعیہ سے ناواقف اکثر بدمزاج تندخو
مگر ہے اچھا اور قابل وقعت مقدس - حالانکہ جو بُرا ہوگا بُرا کہا جائیگا اور جو اچھا ہوگا بھلا کہا جاتا ہے - ذرا
انصاف سے تو کہو کہ جب خاطی اور گنہگار مقدس ہو گئے تو نیک آدمیون کے لئے کونسا آسمان تجویز ہوگا اور
بدکس اسفل السافلین مین جائیگا کیونکہ ان دونون کے لئے دنیا و آخرت مین ٹھکانا ہی نہین رہا مصنف
صاحبان سے جو آریون کی مثال دی ہے میرے نزدیک تو اونکا طریقہ درست ہی کیونکہ وہ بھی اسکے
پابند ہین کہ بُرے کو بُرا اور اچھے کو اچھا مانتے ہین یہ وہ خوب جانتے ہین کہ بُرا آدمی اور گنہگار کسیکو
ہدایت نہین کر سکتا - محمد عیوض نے دعوی کیا ہے کہ اگر شیعہ حضرت علی کا طریقہ خلاف اصحاب ثلثہ
ثابت کردین مثل روزہ نماز اور عمل خلافت اور فدک اور رشتہ داری کے تو مین سینہ کہولکر سنیون مین شیعہ

بدوئی اور ملعین کہلاؤن گا - بشرطیکہ مجمع عام مین مقابل ہو کر ثابت کرین تحریری اور کاغذی ناحق رسائی
نفرماوین اور زبان لعن وطعن سے سوکین اور شیوہ آبائی اور سبائی سے مجکو نہ ڈراوین - اس عبارت سے
آپ کی عقیدت مندی اور تمیز پورے طور پر ثابت ہوتے ہین اور حق آپ کی زبان پر جاری ہے - کہ
آپ پورے منافق ہین اور دعوی حب علی کا آپ لوگ جھوٹ کرتے ہین اور کیا کوئی شخص مجمع عام مین
اور مباحثہ مین گالی بک سکتا ہے اگر بکے گا تو مار کہائے گا - ہان آپ کے یہان اسکا رواج ضرور ہے
جیسا کہ گنوار اور جاہل آپسمین اور پنچایتون مین گالی گلوج بکا کرتے ہین اور لاٹھی ڈنڈے جوتہ پیزار سے
لڑتے ہین اسطرح ہر جلسہ کو جانتے ہین آپ کہین سے یہہ تو ثابت کرین کہ جلسہ تو درکنار کسی معمولی
سنی کے سامنے ہی کبہی شیعہ نے اونکے کسی بزرگ کو گالی دی ہو تو مین مانسکتا ہون کہ شیعہ گالیان
بکا کرتے ہین اب رہی کاغذی تحریر وہ سب سے زیادہ مستند ہوتی کیونکہ باتون کا یہہ نتیجہ ہوتا ہے -
کہ مسلمان اپنے کو کہتے پہرتے ہین کہ ہم جیتے اور آریہ اپنے کو - تحریری شہادت کو پڑھکر ہر شخص نتیجہ نکال
سکتا ہے اوس سے کسی کو گریز نہین ہوتا آپ یہ کیجئے کہ شیعہ کی تحریر کو مجمع عام مین سنائیے جن لوگونکو
تسلیم ہوگی وہ تسلیم کرینگے جنکو نہوگی اونکو اپنا اختیار ہے اب مین بتاؤن کہ شیعہ مجمع عام مین کیون گبہراتے ہین
اسکی یہہ وجہ ہے کہ تم لوگون کی عام عادت یہ ہے کہ جب معقول ہوتے ہو تو جہٹ ہاتہہ چہوڑ بیٹھتے ہو -
اور مجمع کا قاعدہ ہے کہ اوسوقت پہر کسیکو تمیز نہین رہتی کہ کیا نتیجہ ہوگا چونکہ شیعون کی تعداد بہت کم ہے -
اسلئے جہگڑے کے ڈر سے کہ کہین بہلا بلوہ نکر بیٹھین تو ناحق ہمارا ہی چالان ہوگا وقت سے بچتے ہین دوسری
وجہ یہہ ہے کہ فرض کر لیجئے ہین دو سو شیعہ اور بارہ ہزار سنی ہین تو وہ کہانتک اسقدر آدمیون کا مقابلہ کرینگے
اور پہر تم لوگ ہر طرح سے پریشان کروگے جیسا کہ اس سال لکہنؤ مین سنیون نے اربعین مین کیا کہ نوبت تک
دیدیا کہ نوکر نوکری نکرے مزدور مزدوری نکرے سقہ پانی ندے دوکاندار سودا ندے - چونکہ وہان شیعونکی
کثرت ہے لہذا ہر کام کو شیعون نے سنبہال لیا اور بہت بڑا فائدہ شیعون کو ہوگیا کہ جو لوگ بیکار تہے وہ سب
کاروبار سے لگ گئے اور کچہہ تکلیف نہوئی - شیعون نے رنج و غم کیا - سنیون نے بازار لگایا - خوشیان
کین کہیل تماشہ کرائے ریچہہ بندر نچوائے تو دنیا نے اور نیز حکام انگریزی نے خوب جانچ لیا کہ
شیعہ اور سنیون مین یہ فرق ہے کہ ایک اپنے ہادیان دین کی مصیبت پر روتا ہے تو دوسرا

بالکل لشکر یزید کا سمان دکھا رہا ہے اور بجنسہ وہ وقت سامنے آگیا کہ جیسا کفار قریش نے حضرت کے لئے
تکلیف بہونچانے کو لوٹہ تک ڈال لیا تھا اور آخر انکو ہجرت پر مجبور کیا اسلئے شیعہ جلسہ سے پہلو تہی کرتے
ہین کہ یہ لوگ جب مقبول ہونگے تو ہماری عافیت تنگ کر دینگے اب آپکو ثابت ہوگیا کہ شیعہ تو گالی گلوج
جلسہ عام مین نہین بکتے مگر سنی ہر جگہ سنت عمری کو بجالاتے ہین کہ کسی سے مار پیٹ کرو یعنی کسی سے جھگڑا
کر دو اور کچھ شیعون ہی سے نہین بلکہ ہر جگہ ہر قوم سے سنی ہی الگ کر سنت یزیدی اور عمری کو بجالاتے ہین۔
اسد علی صاحب نے جہلا کو دہوکہ دیا ہے کہ شیعہ بوجہ اسکے کہ حق پر نہین ہین سزا پاتے ہین۔ بہلا صاحب
یہ آپکے مولوی ہدایت رسول کو کیون سزا ہوئی جو جیلخانہ گئے یہ حنفیون اور اہلحدیث مین کیون جوتہ چلا کر
وہ وہ شرمناک مقدمات ہوئے اور سزائین ہوئین کہ بیان سے باہر ہے۔ چونکہ شیعون کی جانب سے نالش
نہین ہوتی وہ جواب دینے مین بند نہین ہین ہر بات کا جواب ترکی بہ ترکی دیتے ہین لہذا ضرورت نالش
کی نہین اور سنیون کے بائین ہاتھ کا کہیل ہے کہ جہٹ رو کر نالش کر دی اگر صد ہا استغاثون مین ایک آدہ
بوجہ غلط فہمی کے سزا ہوگیا تو کیا ہے لیکن سنی محض اپنے اعمال کے ذریعہ سزا پاتے رہتے ہین مگر چند عرصہ مین
خداوند کریم آپ کی تمنا کو بر لائیگا کہ اس گورنمنٹ کے وقت مین ہم ترقی کر رہے ہین۔ جب ہماری تعداد تمہاری
قریب قریب آجائیگی تو ہم تمہارے بلوون کا مقابلہ بہی کر لینگے اور پہر ہمکو تمسے کوئی تکلیف نہ ہو سکیگی۔
خداوند کریم اس **گورنمنٹ کو قائم رکھے۔**

دیکھو ایک صرف امام زین العابدین بچے تہے مگر آج کسقدر لوگ انکے پیرو اور اولاد دین ہین۔ اور
خلفائے امیہ اور عباسیہ کی حکومت اور ظلم اور تلوار عمری کی چمک اور چمن ستم کی لچک کا کہین پتہ و نشان نہین
ایک کام کیجئے اپنی اور ہماری کتب کسی غیر قوم کے ہاتہہ مین دیجئے وہ دونون کو دیکھکر انصاف کر دینگے۔
کہ گالی گلوج اور غیر مہذب الفاظ کسکی کتب مین ہین۔ فی الحقیقت آپ کے علما نے ایسا دہوکہ دیا ہے
تاکہ سنی کتب شیعہ کو نہ دیکہین ورنہ پہر اپنے علما اور پیشوا ونیز وہ جہوٹون والی آیت پڑہینگے جو باتین دونون
مصنفون نے لکہی ہین وہ نہایت پرانی باتین کہ جن مین سے اکثر کا تو کسی کتاب شیعہ مین پتہ ہی نہین ہے
اور بعض باتین حیدر علی کفش دوز اور جہانگیر خان وغیرہ نے جو جہوٹ بنا کر اور عبارتون کو تحریف کر کے
لکہی ہین اور بعض آیات بینات مین محسن الملک نے لکہی ہین اونہین پر مرغ کی ایک ٹانگ پکڑے ہوئے ہ

جنکا کچھ وجوہ جوابات کے سامنے نہیں رہا۔ ہان اگر آپ اپنے اقوال مین سچے ہین تو جن شیعہ کتابونکا
آپ حوالہ دیتے ہین وہ میرے سامنے پیش کیجئے چونکہ آپ لوگون کو نہ تو علمیت ہو اور نہ وہ کتب
آپ کے پاس موجود جو مطالعہ کرتے لہذا اورون کی ہزلیات اور تحریف کردہ عبارات کو بار بار ہر عالم
و جاہل سنی شیعون کے سامنے پیش کرتا ہے کہ جنکے بے تعداد جوابات چھپ چکے ہین اور جنکو دیکھکر اکثر انکار
ایمان سے آئے لہذا مین آپ کو رائے دیتا ہون کہ روشنی کی جلدین اور احقاق الحق کے ابواب غور دیکھیے
اور اس گڑبڑ ہوئے عقد ام کلثوم کے متعلق صرف تنکثوم دیکھکر اطمینان کر لیجئے میرا ایسا خیال تھا کہ قسائی قوم
مین شیعہ نہین ہوتے مگر شیخ محمد یعقوب مرادآبادی سنے اس دشمنی کو دیکھکر مذہب شیعہ اختیار کیا مجھے امید ہے
کہ اگر آپ لوگ کتب مذکورہ بالا کو دیکھینگے تو اپنے جامہ نفاق کو پھاڑ کر ان لوگون پر کہ جنکی طرفداری مین
اپنے لئے جہاراستہ بنا رہے ہو وہی جھوٹون والی آیت پڑھو گے ۔ مین نے جہانتک غور کیا تو آپنے اپنے
خلاف مرضی باتون کا نام گالی گلوچ رکھ چھوڑا ہے ۔ اب رہی الفاظ ۔ لعنت ۔ تبرا ۔ سب انکی نسبت کتب
لغات غیاث اور صراح وغیرہ ہاتھ مین لیکر دیکھئے حضرت عمر کا ساطبعی بیتھا نہ کیجئے تو آپ کو معلوم ہوگا کہ لعنت
کے معنی رحمت سے دور کرنیکے ہین اور تبرا بیزاری کو کہتے ہین اور سب گالی کو کہتے ہیں بغیر تحقیق کئے آپنے
ناحق تینون کو ہم معنی قرار دیدیا مگر یون سنی نہ مانینگے مین انسے آیات قرآنی کا انکار کرا کر انکو حضرت عمر کی جنت
مین روانہ کرنا چاہتا ہون ملاحظہ ہو خداوند کریم اپنے کلام مین فرماتا ہے ۔ وَمَا کَانَ استغفار ابراھیم
لابیہ الا عن موعدۃٍ وعدھا ایاہ فلما تبین لہ انہ عدوٌ للہ تبرّاءَ منہُ دیکھیے یہان پر
خداوند کریم حضرت ابراہیم سے ارشاد فرماتا ہے کہ اپنے باپ سے بیزاری کر ۔ اور بقول سنیان باپ کو گالیان
دے اگر تبرا معنی گالی کے ہین تو خدا حضرت ابراہیم کو حکم دیتا ہے کہ اے ابراہیم تو اپنے باپ کو گالیان دے
مگر اسمین کچھ نہیں ہے کہ اگر لفظ تبرا کو شیعہ حضرت عمر سے متعلق نکرتے تو سنی اسکے معنی رحمت کے قرار دیتے
چنانچہ میرا ذاتی تجربہ ہے کہ جناب سرورِ کائنات کو آریہ وغیرہ برا کہین تو سنیون کو غصہ نہین آتا مگر جہان
شیعہ نے حضرت عمر پر سنیون ہی کی کتب سے قدح کی تو آگ بگولہ ہو جاتے ہین اور اگر خواہ مخواہ جھوٹی
بات گڑھکر حضرت عمر کی تعریف کر دو تو جو کام چاہو سنیون سے لیلو ۔ اور اگر لعنت کے معنی گالی ہی کے
ہین تو دونون مصنفون نے اپنے اپنے مزخرفات مین کیون لعنت اللہ علی الکاذبین لکھکر اپنے کو مورد

اوس آیت کا بنایا اور دوسرا نمبر الزام آپ کے اعتقاد کے بموجب تو جھوٹون فاسقون فاجرون ظالمون کو
خدا نے بہی گالیان دین ہین یعنے لعنت کی ہے ۔ آپ نے جہلا کو دہوکہ دیا ہے کہ رسالہ فاروق الحق و ابطال
احقاق الحق کا جواب ہی ورنہ آپکو حضرت عمر کی سنت کی قسم ہے ایمان سے کہنا اسمین جواب کس بات کا ہے
اگر جواب ہوتا تو جو احادیث کتب شیعہ سے پیش کیگئی ہین یا تو اونکو رد کرتے یا تسلیم کرتے تو دونون حالتون
مین ہمارا ہی مطلب حاصل تہا اسی سے تہے پوری صاحب کی تمیز معلوم ہوتی ہے کہ جہٹ الٰہیات پر اعتراض
کردیا حالانکہ شروع کتاب مین لکہا ہوا ہے کہ باب دویم مین الٰہیات کا ذکر ہوگا جو کہ اب تیار ہوکر شائع
ہوگیا ۔ جو سنی کتب شیعہ کو نہین دیکہتے تو اونہون نے یقین کرلیا کہ ضرور یہہ جواب ہی مگر بے وقوفونکو
یہہ تمیز نہوگی کہ جواب ہمیشہ سوال سے اور اعتراض سے بدرجہا طویل ہوتا ہے یہ کیسا جواب ہے
کہ ۸۶۳ صفحہ کا جواب ۳۸ صفحہ پر ہے ۔ نہ تہے پوری کو اتنی تمیز ہوئی کہ اس کتاب کے کتنے باب
مین اور کیا کیا مضامین ہونگے ۔ جوابات شیعہ کو مطلق نہین دیکہتے ہان ایک عبد اللہ ابن سبا کا ذکر اکثر
شدہ مین ہے جیسا کہ حضرت عمر کی سنت کو مضبوطی سے پکڑے ہوئے ہین ۔ دونون مصنفین نے زبان درازی
کرکے حدیث جناب سرور عالم کو اپنے اوپر ثابت کیا ہے جسکا ترجمہ یہہ ہے کہ نہین بغض رکہتا علی سے
مگر منافق اور ولد الزنا ۔ خاصکر جو باتین تہے پوری نے لکہی ہین میرے خیال مین تو اونکے علما بہی اونکو ناپسند
کرینگے چونکہ جہلا کے نزدیک ایسی باتین صحیفہ آسمانی کے موافق ہوتی ہین لہذا مین خاص خاص باتونکا
جواب اونکے بیہودی سمجہ کے موافق لکہے دیتا ہون ۔ اب ریویو شروع کرتا ہون ۔ اور آپ دونون
صاحبون کو فارق کے لقب سے آیندہ نامزد کرون گا ۔

تہے پوری صاحب بہتر تو یہہ تہا کہ جب آپکو علم نہین ہے تو خود ناحق ایسی واہیات باتین لکہکر
مورد عذاب ہوئے بہتر ہوتا کہ آپ یہ کام کسی ایسے مولوی کے سپرد کرتے جو خاص شاگرد حضرت عمر کا ہوتا
مین نے آپ کے رسالہ کو صفحہ ۸ تک دیکہا تو وہ لیاقت بہری عبارت ہی کہ سوائے حضرت عمر کے دوسرے کو
اوسکے سمجہنے کی لیاقت نہین ہے ۔ آپ نے تقیہ پر بڑا اعتراض کیا ہے مگر اپنی خبر نہین ہے کہ اپنے کو کسی
خاص خوف کے وجہ سے مصنف نہین ظاہر کیا بلکہ حسب فرمایش محمد عیوض لکہا ہے شاید اس خوف سے
کہ جو باتین درج مین تحریف شدہ اور غلط معنی بناکر لکہی ہین ایسا نہو کوئی نالش کردے اپنے کو چھپانا چاہا

دوسرے مطبع کا نام نہ لکھا کہ جہاں کل کتاب چھپی ہے صرف لوح کا پتہ دیا ہے جو قانونا جرم ہے آخر یہ کیون
قضیہ کیا گیا ۔ آپ نے جن فرقون کا حوالہ دیا ہے کہ کوئی تین امام کا قایل ہے کوئی پانچ کا کوئی چھہ کا انکو تو ہم
کفار سے اور نیز آپ سے بھی بدتر جانتے ہین کیونکہ اثنا عشری کے نزدیک گیارہ امام کا قائل بھی کافر ہے
چونکہ اونکے بعض فرقہ حضرت علی کو خدا کہتے ہین لہذا وہ ہمارے نزدیک کافر ہین اس لئے ہم اونکے ہاتھ کا چھوا
ہوا نہین کہا سکتے ۔ آپ نے ان فرقون پر استدلال پکڑ کے جو لکھا ہے کہ شیعون کے کس عقیدہ پر اعتبار
کیا جائے تو اسکا جواب بہت آسان ہے کہ مسلمانون نے کیسے جناب محمد صلی اللہ علیہ وآلہ کو رسول بنایا حالانکہ
دنیا کی کوئی اور قوم مثل یہود و نصاریٰ مجوس و ہنود بودھ و آریہ وغیرہ تو اونکو نبی مانتے ہی نہین جبکہ مسلمانونکا
پیغمبر تمام دنیا کے لئے مبعوث ہوا تھا تو ہر قوم کو نبی ماننا چاہئے تھا تنہا مسلمانون کا کیا اعتبار ہے ۔
اگر آپ شیعہ اثنا عشری کے یہان اختلاف دکھاوین تو مین مانسکتا ہون اور جن بارہ امامون کے
اثنا عشری قائل ہین اونکے نام نامی خود جناب سرور کائنات نے بتائے ہین جو مین مختصر التفضیح الکاذبین
مین لکھہ آیا ہون اور وہ حدیثین کتب سنیہ کی ہین ایک صراط مستقیم مین شیبانی سے دوسری روضۃ الاحباب
مین ہے ۔ فاروق تھیے پوری نے برہان المتعہ کی عبارت کو اولٹ پلٹ کر غلط ظاہر کیا ہے اونکو
شرم نہ آئی کہ شیعون کے پاس اکثر کتب موجود رہتی ہین ایسا نہو غلطی پکڑین اونکو اپنا ہی ساخیال ہوا
ہوگا کہ کون کتاب کو دیکھتا ہے آپنے لفظ عامہ عامیان پر بہت زہر خندہ کیا ہے مگر دہنے جلا ہے ۔
کب معنی سمجھہ سکتے ہین ہمارے یہان عامہ عامیان سے سنی علما مراد ہین اگر عبارت کو نہین سمجھہ سکتے تو کسی
شیعہ مولوی سے پڑھ لیا ہوتا تب متعہ کی اصلیت معلوم ہوتی ۔ چونکہ گنوارون کا عموما یہ قاعدہ ہے کہ ہر
شخص جسکا ن پڑھا لکھا نہین ہوتا جسنے دستور الصبیان پڑھ لی تو پورا عالم بنگیا اور اگر گلستان بوستان پڑھ گیا
تو رسالت کا مدعی ہو جاتا ہے چنانچہ ایک گنوار کسی شہر مین آبسا لڑکے کو مکتب مین بٹھا دیا چند روز بعد
لڑکا دیر مین آنے لگا باپ نے سبب دریافت کیا تو لڑکے نے جواب دیا کہ مین مشاعرہ مین جایا کرتا ہون
گنوار نے مشاعرہ کو دریافت کیا تو لڑکے نے جواب دیا کہ لوگ کبت جوڑ کر لیجایا کرتے ہین گنوار نے
کہا کہ تو بھی کبت کہہ کرلے جانا ۔ ایک دن لڑکے نے مکتب سے آکر کہا کہ آج مین نے بھی ایک کبت جوڑا
ہے باپ نے کہا سنا تو سہی لڑکا بولا کہ ۔ کبت کہا مین نے ٹھاڈا اور تو سن لے میرے بابا ۔ یہہ سنتی ہی

مختار صاحب خوشی کے مارے ناچنے لگے اور کہا کہ شاباش بیٹا اگر کہین جگہہ ہو تو اسکو گران (قرآن) مین لگادے اور جبت ایک روپیہ اوپر وار کر نائی کو دیدیا یہی حال آپ لوگون کا ہے کہ علم تو ندارد اور چلے شیعون کیے منہ لگنے - جب تک کتب شیعہ کو نہ دیکہو گے تمکو کیا معلوم ہو سکتا ہے تمنے جہوٹی باتین لکہہ دین اور یہ شرم نہ آئی کہ جب کوئی پکڑ پکڑیگا تو ندامت اوٹہانا پڑے گی پہلے علم حاصل کرو پہر کتب فریقین دیکہو تب گفتگو کرنگے تو ورنہ اپنے منہ میان مٹہو بننے سے کیا فائدہ اگر تحقیق کروگے تو اپنے علماء وغیرہ پر گالیون والی آیت پڑہوگے آپ کے حضرت عمر کی تلوار کی چمک اور چیرہ کے تسمہ کی لچک کی تعریفون سے تو آپ کی کتب بہری پڑی ہین جنکو چھانٹ چھانٹ کر شیعہ بہی دنیا کو دکہاتے ہین مگر آپ نے خلاف اپنے علماء کے زبردستی انکو بہادر بنایا ہے - حالانکہ جنگ خیبر اور حنین سے بہاگنے پر فوج اونکو اور وہ فوج کو بہادری کا الزام دیتی تہے یہہ تو آپ ہی لوگون کا ایمان ہے کہ خلاف اپنے مسلمات جو جی چاہا حضرت عمر کی جانب داری مین کہنے لگے آپ لوگون کی علمیت تو اسقدر بڑہی ہوی ہے کہ حضرت ابوبکر کا اصلی نام تک نہین جانتے نہ آپ کو حضرت عمر کی خبر کہ وہ کب واصل ہوئے - لیجئے مین بتاتا ہون ۲۶ - ذی الحجہ کو حضرت ابولولو نے چہری بہونکی تہی اور یہی تاریخ جنتریون مین بہی ہے مگر ۹ - ربیع الاول اونکے شاگرد رشید سعد وقاص کے فرزند ارجمند آپ کے حضرت عمر ابن سعد کماندر انچیف فوج شام کے مارے جانے کی تاریخ ہے جسکو مختار نے مارا ہے -

نمبر ۱۱ فارق صاحب جہلا کو دہوکہ دیتے ہین کہ مسئلہ متعہ سے شیعہ لوگون کو دہوکہ دیتے ہین تاکہ مذہب کی ترقی ہو یہہ تو عین اونکی لیاقت کا ثبوت ہے جیسا کہ اونکے اسلاف نے بیٹیان دیدیکر حکومت و مرتبہ حاصل کئے اسلئے تو ابوحنیفہ نے اسغرض سے کہ کبہی کسی زمانہ مین لوگ متعہ کو قبول کرلین نہایت آسانی پیدا کردی کہ مان بہن بیٹی نانی پہوپہی خالہ وغیرہ سے نکاح کرنے اور صحبت کرنے مین حد شرع اوٹہادی - دیکہو ہدایہ - دونون فارق صاحبان شیعون کو کہین یہودی الاصل کہین مجوسی الاصل لکہکر لکہنو اور ایران کا ذکر کرتے ہین مگر اونکی لیاقت دیکہئے کہ یہودی اور مجوسی کے فرق کو بہی نہین جانتے حالانکہ سادات مین کوی یہودی یا مجوسی نہین ہو سکتا البتہ سادات کے علاوہ جو قومین بنی وہ سب یا یہودی تہے یا مجوسی یا بت پرست یا لامذہب کیونکہ اون کے اسلاف انہین طریقون پر تہے اب مین آپ کو

حضرت عمر کی جان کی قسم دیکر پوچھتا ہون کہ قبل اسلام آپ کے حضرت عمر کس مذہب پر تھے آیا بت پرست تھے
یا یہودی یا لامذہب یا مجوس پس جو مذہب آپ ان جناب کا تجویز کرین وہی انکی اصل اور آپ کی قرار پائیگی
جیسا کہ نومسلم اگرچہ شیخ کے ساتھہ نامزد ہوتے ہین مگر نسل کے نبیہ برہمن کایستھہ چمار بھنگی وغیرہ کہلاتے ہین
لہذا مین کتاب کے آخر مین حسب تحقیق علماء سنت شجرہ حسب و نسب حضرت عمر کا لکھون گا جس سے دو باتین
ثابت ہونگی کہ یا تو شجرہ بنایا ہوا اسد علیصاحب کا غلط یا یہ دونون سنی علماء جھوٹے ہوکر مستوجب اس آیت کا
بنین لیکن کسی شخص کو کسی کے شجرہ یا خاندان مین شامل ہونے سے کیا فضیلت ہوسکتی ہے جبتک کہ اعمال اور
افعال اچھے نہون — بندگی باید پیمبر زادگی درکار نیست — یون تو حسب مسلمات مسلمانان حضرت آدم کی اولاد
مین کفار اور چمار چوڑہے تک ہین کیا پیغمبرون کے بیٹے نالایق نہین ہوئے پھر حضرت عمر کو کیا شرف ہوسکتا ہے
جو خواہ مخواہ شجرہ کے گول گول خانہ دکھاتے پھرتے ہو - اب رہا ایران و لکھنؤ کا معاملہ کہ جسکا خیال کرکے سنیون کا
دل جلا جاتا ہے — آپ یہ تو بتائے کہ اہل عرب مین کیا کمال ہے مگر مین فرق دکھاتا ہون کہ اہل مکہ وہ بڑے
بے رحمت ہین کہ پنجتائی رسول ہاشمی پر دانہ پانی بند کیا مارنے کا سامان کرکے ہجرت پر مجبور کیا اور اہل مدینہ وہ لالچی
اور دنیا دوست ہین کہ جب مصری خانۂ عثمان پر چڑھ آئے تو ہزارون صحابی بدری احدی ہٹے کٹے زندہ موجود
تھے کسی نے خلیفہ برحق کی مدد تک نکی اپنے اپنے دروازہ بند کرکے بیٹھ رہے حالانکہ اپنی گلی مین کتا بھی شیر
ہوتا ہے - مصری سفر دور دراز کرکے آئے تھے اگر اہل مدینہ و ہنے جولاہونکی طرح ماریو ماریو کہکے نکل
پڑتے تو تھکے ماندے مصری بھاگ پڑتے مگر بجائے اسکے تین دن تک مدینہ مین بلوہ کرایا خلیفہ صاحب کی
لاش بھی دفن کرنے کوئی نہ نکلا فقط یہہ خوف بیٹھ گیا کہ اگر ہم مدد کو نکلینگے تو مصری ہمکو لوٹ لینگے یہ حمیت
اور دوستی تو اصحاب رسول کی تھی مگر اہل ایران اتنے بڑے شکر گذار ہین کہ فقط ایک مسلمان سنی کہنے کے
احسان مین ایک دم سے سارا ایران مسلمان ہوکر دین نبوی پر قایم ہوکر محب اہلبیت ہوگیا اور اجتک وہی
حالت ہے — رہا لکھنؤ وہان جب سے شیعہ سلطنت ہوئی تو لاکھون سنی لالچ مین آکر کوئی نوکری کی وجہ
سے کوئی سوداگری کرنے پر شیعہ ہوگئے اسی جلن کی وجہ سے آپ لوگ یہ باتین بناتے ہین - خارجی
صاحبان نے شیعون کو رافضی لکھکر وجہ تسمیہ یہ لکھی کہ زید کو امام مانکر جہاد کے لئے لیگئے اور پھر انکو
چھوڑ بھاگے حالانکہ زید کو کسی شیعہ نے امام نہین مانا مگر یون سنی نہ مانینگے غوث الاعظم کی غنیۃ الطالبین

ہاتھہ مین لیجئے اوسمین لکھا ہے کہ ابوحنیفہ نے زید کو امام تسلیم کیا اور لوگون کو واسطے جہاد کے فتوی دیا پھر چار
ہزار درہم بھیجکر لکھا کہ اگر میرے پاس لوگون کی امانتین نہوتین تو مین بہی شریک جہاد ہوتا - یہ بہانہ بناکر زید کو آلے پر
چڑہا دیا اور خود معہ اپنے ساتہیون کے جان بچالی تو بڑے پیر صاحب نے ابوحنیفہ کو رافضی لکھا ہے اور چہوٹے پیر
شاہ عبدالعزیز نے بہی تحفہ مین بڑے پیر کی عبارت کی تائید کی ہے آجکل یزیدیون نے یہہ عجیب بات نکالی ہے کہ جس اپنی
کتاب مین مضمون ورا خلاف پایا جہٹ اوسکے مصنف کو شیعہ لکہدیا اس حساب سے کچہہ تعجب نہین ہے کہ
صحاح ستہ تاریخ الخلفا غنیۃ الطالبین اور جملہ اپنی کتب اور علما کو آٹہہ دس سال مین یزیدی لوگ شیعہ کا لفظ اب
دیدین - نہین بلکہ رافضی کا - اب رہی خلفا کی عظمت اور اوسمین محبت وغیرہ اوسکو مین صحاح ستہ سے خوب چہانٹ کر
اور بہت سے سنی علما کے اقوال نقل کرکے خلفا کے ارتداد اور بعض وغیرہ مین اتحاق الحق باب دوم مین لکہہ آیا
بار بار کی ضرورت نہین اوسکو دیکہکر اپنی کتب مین وہ مضامین ملاکر دیکہہ لو پہر وہی آیت اونپر پڑہنا خیر تہوڑا سا
لکہے دیتا ہون بخاری اور مسلم کی وہ حدیثین دیکہئے جنکا یہہ ترجمہ ہے کہ حوض کوثر پر میرے پاس صحابہ گروہ در گروہ
آوینگے اونمین سے ایک گروہ مجکو دیکہکر لوٹ جائے گا منہ چہپائیگا خدا حکم دیگا کہ انکو دہکے دیکر نکالدو مین کہونگا
کہ خداوندا یہہ تو میرے اصحاب ہین تو ندا آئیگی کہ تمکو معلوم نہین ہے کہ انہون نے تیرے بعد دین مین کیا کیا
احداث کیا ہے پس مین کہونگا کہ نکال دو انکو میرے سامنے سے فرمائے وہ کون اصحاب ہونگے آپکی رائے کے
بموجب رافضی تو گروہ اصحاب مین آہی نہین سکتے یہ سب آپ یزیدیون کے پیشوا ہونگے - اور لیجئے آپ کے
علامہ تفتازانی کتاب شرح مقاصد مین لکہتے ہین جسکا شروع یہہ ہے ان ما وقع بین الصحابۃ ترجمہ -
اور جو کچہہ اصحاب مین اختلافات اور لڑائیان ہوئین جیسا کہ کتب تواریخ مین مسطور اور زبانون پر معتمد لوگون کے
مذکور ہے ظاہر طور سے دلالت کرتے ہین اسپر کہ بعض اصحاب راہ حق سے خارج ہوگئے اور ظلم و فسق کی حد تک
پہونچ گئے اور باعث اسکا کینہ و عناد تہا اور حسد اور خصومت و طلب ملک و ریاست اور رغبت لذات و
شہوت کی اسلئے کہ ہر صحابی معصوم نہین ہے اور نہ ہر وہ شخص جسکو نبی سے ملاقی ہوا نیکی سے موسوم ہے مگر
ضرور علما نے بسبب اصحاب رسول ہونیکے صرف حسن ظن سے ایسی تاویلات بنائی ہین جو اونکی لائق ہین اور
وہ اس راہ گئے ہین کہ اونکو تضلیل اور تفسیق سے بچائین تاکہ مسلمانون کے عقیدہ اونسے کج نہون خصوصاً
مہاجرین اور انصار جو مبشر بہ ثواب عقبیٰ ہین انتہی - علامہ صاحب کی جلالت قدر تو محتاج بیان نہین ہے

اور پہر امام غزالی صاحب اپنی کتاب سر العالمین وکشف ما فی الدارین مین خلافت کی ترتیب اور اوسکی نسبت جو جو
اختلافات ہوئے اونکو یون لکہتے ہین جسکا شروع یہہ ہے ولکن اسفرت الحجة وجہہا واجمع الجماہیر
ترجمہ - لیکن حجت نے اپنا چہرہ روشن کر دیا اور جمہور نے اجماع کر لیا متن حدیث پر جو آنحضرت کی غدیر خم کے خطبہ
مین ہے باتفاق جمیع اور آنحضرت فرماتے ہین کہ جس شخص کا مین مولے ہون پس علی اوسکا مولے ہے پس
حضرت عمر نے کہا کہ مبارک ہو مبارک ہو اے ابو الحسن ضرور تم میرے اور ہر مومن و مومنہ کے مولیٰ ہوگئے پس
حضرت عمر کا یہہ کہنا تسلیم کرنا ہے اور راضی ہونا اور حاکم بنانا ہے (یعنے امیر المومنین کو) پہر بعد اسکے غالب
ہوگئی خواہش محبت اور ریاست کی اور عمود خلافت کی اوٹہانے اور نشانون کے تعین اور ہوا کے
متحرک ہونے آواز رایات مین اور درہم ہونے نے گہوڑون کے اژدہام کے اور فتح امصار نے
اونہین پلایا کاسہ خواہش کا بس عود کیا اونہون نے خلافت اول کیطرف اور پہنکدیا اونہون نے عہد
رسول کو پس پشت اپنے اور مول لیا بعیوض اوسکے اونہون نے تہوڑی سی قیمت کو پس بری ہے
وہ چیز جسے وہ مول لیتے ہین - یہہ لیجئے یہہ وہی امام غزالی صاحب ہین جو قتل حسین کے تذکرہ کو حرام بتاتے ہین
مگر حق بر زبان جاری ہو گیا اب فدک اور قتل محسن اور آگ لگانے کے ذکر کو علامہ شہرستانی نے ملل و نحل مین
خوب لکہا ہے اوسکو دیکہئے تہوڑا سا ترجمہ لکہتا ہون - ترجمہ تحقیق عمر نے ضرب دی بطن فاطمہ پر جس سے محسن کا
حمل اسقاط ہو گیا اور کہڑک کر چیخ ماری عمر نے کہ جلا دو اس گہر کو جسمین سوائے علی اور فاطمہ اور حسن اور حسین کے
کوئی نہ تہا - اب حضرت عمر کی طرفداری مین ان علما پر وہ آیت جہوٹون والی پڑہئے اور رافضی خطاب
دیجئے - فاروق تہے پوری نے تو خلاف صحاح کے فدک کے قصہ کو جہوٹا کہکر اپنی کتب اور علما کو مصداق
آیت کا بنایا علماء متقدمین قلم چہوڑ بہاگے - چہوٹے پیر شاہ جی صاحب نے ہی سپر ڈالدی - محمد قاسم دیوبندی نے
یون گہڑت گہڑی کہ فاطمہ اپنے گئے پر پیچھے دعوی فدک پر ایسی شرمناک ہوئین کہ مرتے دم تک ابو بکر کے
سامنے منہ نکیا مگر گنوار صاحب نے سب پر حضرت عمر کی تلوار پہیر دی کہ قطعی انکار کر کے جہوٹون والی آیت کا
مصداق بنے کہئے یہ گہرگٹ کے سے رنگ یزیدی بدلتے ہین یا شیعہ - اور نہبتوری فارق فرماتے ہین
کہ محسن جناب سرور کائنات کے سامنے پیدا ہو لئے تہے ورنہ کسی شجرہ مین علم ہوتا بغیر پیدا ہوئے مگر انکو
یہہ تمیز نہین کہ جناب سرور انبیا صاحب وحی تہے تاہم دنیا مین اب بہی دستور ہے کہ اگر کوئی شخص

قرار دے لے کہ مین نے اپنے لڑکون کا یہ نام رکھا ہے اور اگر ایکی مرتبہ لڑکا ہو تو یہہ نام رکھون گا پہر
اوسکی بی بی کا حمل ساقط ہوا اور دیکھا جائے کہ وہ لڑکا تہا تو اوسکو اوسی نام سے نامزد کیا جاتا ہے۔ فارق
تہے یوری نے لکھا ہے کہ فدک کے قصہ کا کسی تواریخ غیر مین ذکر نہین ہے اونکو اتنی ہی تمیز نہین ہے
کہ غیر اقوام کی تواریخ مین کیا کیا باتین ہوتی ہین اونمین واسطے تمدن کے امور سیاستی پر بحث ہوتی ہے
سلاطین حکما فوجی جنرلون نامور آزادمیون حاکمون وغیرہ کا ذکر ہوتا ہے نہ کہ خانگی جہگڑونکا غیر اقوام کی تواریخ
تو حضرت کو ہی نہین مانتین نہ معجزات کا ذکر نہ یہ لکھا کہ حضرت پر ابر سایہ کئے رہتا نہ یہ لکھا کہ
اپکا سایہ نہ پڑتا تہا خلافت کا ذکر غیر مورخون نے کر کے حضرت عمر کی اور بی بی عائشہ کی خوبیہ خرابی ہے
مگر کسی نے حضرت عمر کی کوئی کرامات درج نہین کی فدک ایک خانگی جہگڑا تھا اوسکا خلافت سے کیا
تعلق اب مین یہہ ہی بتاتا ہون کہ جناب امیر نے کبھی ان خلفاء کا تتبع نہین کیا بلکہ حضرت عمر اتنے بڑے
چالاک تہے کہ جہان کوئی مشکل مسئلہ سامنے آگیا تو مقدمہ حضرت علی کے پاس بہیجدیا اور بعد اوسکے حل
ہونیکے لولا علی لہلک عمر کہدیا کرتے تہے تا کہ حضرت کے دیکھنے والے صحابی حضرت عمر سے بدگمان
نہو جائین لہذا ظاہری وقعت کو جناب امیر کی زبانی مانے جاتے تہے اور لوٹ مار کرنے پر پرایا حق چہین
لینے مین اپنی طبیعت کے اجتہاد سے کام لیتے تہے چنانچہ ونہشتر بار لفظ لولا اپنے منہ سے نکالنے
مین خود ثابت ہے کہ یہہ لوگ ظاہری طور پر حضرت علی کا تتبع کئے جاتے تہے اور حضرت علی کی ناخوشی اسی
ثابت ہے دیکھو احقاق الحق اور عبارت صحاح ستہ کہ جب عبد الرحمن بن عوف نے یہ شرط پیش کی کہ ای
علی اگر تم حکم خدا سنت رسول اور سیرت شیخین پر عمل کرو تو مین تمکو خلیفہ تسلیم کرتا ہون آپ نے جواب دیا
کہ حکم خدا اور سنت رسول پر عمل کرنا میرا فرض ہے مگر سیرت شیخین گویا حکم خدا اور سنت رسول سے
علیحدہ ہے تو مین کیونکر اوسپر عمل کرونگا کیونکہ اگر تابع حکم خدا اور سنت رسول ہوتے تو علیحدہ نام کہنے کی
ضرورت نہ تہی۔ پس آپ نے اوس سیرت بد سے انکار کیا مگر حضرت عثمان جو سلاح کئے بیٹھے تھے
جہٹ اوچک کر بول اوٹھے کہ مین سب کچھ کرونگا پس اگر حضرت علی شیخین سے خوش ہوتے تو وہ جہٹ
پٹ قبول کر لیتے۔ ادہر آپ کا یہ اعتراض کہ ایسے بڑے بہادر نے کیون گلے مین رسی ڈلوائی اور کیون
زبردستی خلافت کو نہ چہین لیا اسکو مین تفضیح الکاذبین مین معہ احادیث صحاح کے لکھہ چکا ہون جو

خود قول حضرت عمر سے ثابت ہی جو مسلم مین ہے کہ علی اور عباس سے کہا تھا کہ تم لوگ مجھے کاذب غادر
خائین آثم جانتے ہو۔ پہر فاروقی صاحب نے کافی کی ایک حدیث لکھی ہے تاہم جس طریقہ سے لکھی ہے
اوسکا جواب بہت آسان ہے آپنے لکھا ہے کہ اول فرج غُصِبَت منا اسکا ترجمہ آپ نے لکھا ہے کہ اول
ہم اہلبیت سے ایک فرج غصب ہوئی ذرا اپنے اور حضرت عمر کے ایمان سے کہنا کہ یہ ایک کس لفظ کا ترجمہ
کیا ہے ۔ اسکا اصل ترجمہ یہہ ہے کہ اول ہمسے فرج غصب ہوئی یعنی ہم اہلبیت سے مگر آپنے اپنی
صحابہ کی موافق جیسا کہ خیط الابیض کے اصلی معنی سمجھکر اونہون نے پاون مین ڈورے باندھ لئے تہے
فرج کے معنی شرمگاہ کے لگا لیئے ۔ مگر مین آپ کو بتاتا ہون کہ یہہ حدیث جناب صادق آل محمد سے
مروی ہے اگرچہ احاد مین داخل ہے مگر مین آپ کو دروازہ تک پہونچانے کو اور آپ کی جہالت ثابت
کرنیکو تسلیم کرکے جواب عرض کرتا ہون سنئے قول امام ہرگز غلط نہین ہو سکتا فرج کے معنی لغات مین ملاحظہ
کیجئے منجملہ بہت سے معنون کے اسکے معنی کشایش کے بہی ہین پس قول امام درست ہی کہ اول ہم اہلبیت سے
ہماری کشایش یعنی خلافت غصب ہوئی۔ یہ آپ کی روشنی دماغ اور بزرگون کی تعلیم کا اثر ہے جنکے آپ پیرو ہین
یہ ابو ہریرہ کی احادیث نہین ہین کہ ازواج حبیشہ کیطرح ہوا مین اڑتی پہرتی ہون ۔ آئمہ طاہرین کے مونہہ
سے ایسے بد تہذیب الفاظ نہین نکل سکتے اگرچہ آپ کی رائے کے بموجب اسکے معنی شرمگاہ کے ہون تو
اسے خلیفہ جی کے شیدا عبارت حدیث یون ہوتی کہ اول ہمسے خلافت پہر فدک پہر ایک لڑکی غصب ہوئی
نہ کہ فرج جب آپ کی رائے کے بموجب اس سے لڑکی مراد ہے تو کونسا امر مانع ہوا کہ حدیث تو بیان کی
مگر لڑکی نہ کہا دنیا مین جاہل سے جاہل لوگ بہی تو یہہ محاورہ نہین بولتے کہ لڑکی یا عورت کو فرج یا اوسکے
ترجمہ سے ملقب کرکے پکارین مگر ایسی حالت مین جیسی آپ کی رائے ہے ہرگز شیعہ اس حدیث کو قبول
نکرے کیونکہ شیعہ بہیہ جرح وقدح کرتے ہین اور جو حدیث مطابق آیات قرآنی کے ہوتی ہے اوسکو صحیح
مانتے ہین ورنہ نہین مانتے پس صاف ثابت ہے کہ یہان مراد کشایش سے ہے نہ کہ لڑکی دوسرے
یہہ بہی ضرور تہا کہ خلافت عام مسلمانون کا حق تہا اور اسلئے ہر خلافت گردی مین موافق حکم رسول کے
حضرت علی اپنا استحقاق ثابت کرکے حجت کو ختم کردیتے تہے اور حضرت عمر کو اسکا جواب دہ وار دیکر صبر
اختیار کرتے تہے ۔ اور لڑکی اپنا مال تہی ۔ قانون رایج الوقت کی حفاظت جان ومال کی اجازت دیتا ہی

اگر حضرت عمر ذاتی معاملہ مین جبر کرتے تو یقینی بات تھی کہ جناب امیر اونکو قتل کروا لیتے اور اس قتل سے عالم
اسلام مین کوئی ہرج نہ واقع ہوتا جیسا کہ ابو لولو نے چھری بھونکدی تو کیا ہرج ہوا جھٹ سیٹھہ عثمان جی صاحب مسند
نبوی پر جلوہ گر ہو گئے پس اگر کسی قسم کا جبر کیا جاتا تو حفاظت خود اختیاری کا برتاؤ کیا جاتا اور یہہ آپ کی
صحاح ہی سے ثابت نہین ہوتا کہ حضرت علی اونسے خوش تھے ۔ اب ایک یہ امر دریافت طلب ہی کہ پہر عقد ام کلثوم
کی روایت کیون موجود ہے ۔ اسکا جواب یہہ ہے کہ یہ تو سنیون کو بہت آسان ہے کہ قال رسول اللہ
کہکر جو جی چاہین حدیث بنالین جیسا کہ مین نے احقاق الحق مین ثابت کیا ہے کہ کسقدر احادیث سنیون نے
جھوٹی بنا ڈالین تہین پس جہان جھوٹی حدیث بنائی بس فوراً دو فریق پیدا ہو گئے ایک تردید کنندہ دوسرا
تائید کنندہ اور طبع آزمائیان ہونے لگین اور آیندہ نسلون پر یہ اثر پڑا کہ اونہون نے اوس بات کا وجود سمجھ لیا
جسکی نظیر اب موجود ہے کہ جس واقعہ کو تیرہ سو سال سے شیعہ ۔ سُنی ۔ اور زیدی ۔ اور ثمری متفق تسلیم کرتے آئی
ہین آج مرزا حیرت نے اوس سے انکار کر کے جہلا کو دہوکہ دیا کہ شیعون کی کتب سے لکھہ رہا ہون ۔
بھلا ایسا کون ابلہ و بیوقوف ہے کہ جسکی کتب ایک واقعہ سے انکاری ہون اور اوسکے خلاف برتاؤ کرے سوائے
زیدی سنیون کے کہ اون کی کتب کچھہ کہہ رہی ہین اور کرتے اون کے خلاف ہین ۔ پس اب مرزا صاحب
کے لئے دو فریق موجود ہو گئے اور اس ذریعہ سے اونکی روٹیان خوب چل گئین کیونکہ کچھہ لوگ تردید کے لئے
اونکی کتاب خرید سکینگے اور کچھہ تائید کے لئے صد ہا سال کو فارغ ہو گئے تو غرضکہ یہہ سنیون کے بائین ہاتھہ کا
کہیل ہے کہ سو پچاس برس بعد ایک ایک بات ایسی گہڑی کہ کچھہ دنون کو کمائی چل جائے چاہیے مذہب
اور دین برباد ہو جائے جیسا کہ مکہ مین مولد علی تیرہ سو سال بعد الگ بنا ڈالا تہا مگر خداوند کریم شریف کو
اسکا اجر دے کہ اونسے اوسکو اوکہڑوا دیا کہ آجتک سب کو معلوم ہے کہ علی کعبہ مین پیدا ہوئے ۔ سو برس
بعد یہی مولد علی قرار دیا جائیگا اسیطرح عقد ام کلثوم کی روایت گڑھ ڈالی کہ سنی تو خلیفہ جی کی فضیلت سمجھکر
قبول کرلینگے اور شیعہ تردید کرینگے بس دونون جانب سے طبع آزمائیان ہونے لگین اور اگر بفرض محال
یہہ مان بھی لیا جائے تو رشتہ داری سے کسیکو کیا فخر ہو سکتا ہے جبتک کہ اعمال اچھے نہون یہ تو
سُنی اور ثمریون کا ہی طریقہ ہے کہ خلیفہ جی کا بیٹا ہی اچہا رشتہ دار ہی اچھے چاہے دن بہر بُرے
کام کرتے ہون ہم لوگ حکم خدا پر عمل کرتے ہین اور خوب ثابت ہی کہ باپ کریگا باپ بہریگا بیٹا کریگا

بنیا بہرے گا ایک کے اعمال دوسرے پر کچھ اثر نہیں کر سکتے اس لئے خدا نے حضرت آدم اور نوح کے
بیٹون کو خارج کر کے دکہا دیا کہ پیغمبر کا بیٹا ہونے سے کچھ شرف نہیں ہو سکتا شیعہ کے نزدیک امام کا
بیٹا امام نہیں ہو سکتا جبتک کہ باضابطہ اسرار امامت نہ سپرد کئے جائین فرض کرو کہ حضرت علی کا
کوئی بیٹا گناہ کرے تو وہ شیعہ کے نزدیک مقدس اور قابل عزت نہوگا کیونکہ گنہگار ہو گیا۔

فارق صاحب نشوری نے اپنے کو تحصیلدار ظاہر کر کے گنوارون کے دلمین اپنی لیاقت قائم
کرنی چاہی ہے مگر مین اونکی لیاقت اسی سے ظاہر کئے دیتا ہون۔ چنانچہ مجہسے اونہون نے خود کہا کہ
شیعون کی کتاب مین یہ لکھا ہے کہ کسی نے امام جعفر صادق سے کہا کہ ایک گروہ کوفہ کا کہتا ہے کہ امام حسین
شہید نہین ہوئے بلکہ بجائے اونکے حنظلہ مارا گیا۔ مین نے دریافت کیا کہ پہر امام نے کیا جواب دیا تو کہا کہ اونہون
نے فرمایا کہ وہ لوگ جہوٹے ہین۔ اب ناظرین انصاف کرین کہ اگر شیعون کے یہان روایت موجود ہے تو کونسی
بات شہادت امام حسین کی خلاف ہے۔ جن لوگون نے شہادت پر شبہہ ظاہر کیا تہا اونکو خود امام نے جہٹلا دیا
ہان اگر امام اونکے قول کی تائید کرے تو مین مانسکتا تہا۔ تحصیلدار صاحب کی لیاقت اور حیا کو ملاحظہ کیجئے
کہ باوجود جان بنے کے جاہلون کو دہوکہ دینے کیلئے اپنی تحریر مین اوس گروہ کا قول تو درج کیا اور امام کا
جواب نہ درج کیا۔ معلوم ہوتا ہے کہ سنیون کی عام عادت یہی ہے۔ پہر آپ نے مجہسے کہا کہ الحقاق الحق
مین عبداللہ ابن سبا کو محسن الاسلام لکہا ہے۔ مین نے کہا کہ آپ کل عبارت دیکہین تو معلوم ہو کہ کس
معنی کر لکہا ہے کہ بقول رحیم اللہ نخوری کے اگر وہ فضایل اہلبیت بیان کرتا پہرتا تہا تو کونسا حرج ہوا
جبکہ خلیفہ جی کے پیرو فضائل اہلبیت کو گم کرنا چاہتے تہے اور وہ فضائل حسب فرمان رسول ہین تو اس حساب
سے وہ محسن الاسلام ہے۔ لائق تحصیلدار صاحب نے فرمایا کہ مین معنی پر نہین خیال کرتا۔ آپ نے اوسکو
محسن الاسلام لکہا ہے۔ مین نے کہا کہ اگر آپ الفاظ ہی پر استدلال کرتے ہین اور مبتدا اور خبر سے کچھ غرض
نہین تو کلام اللہ مین لحم الخنزیر لکہا ہوا ہے آپ اوسکو حلال سمجہکر کہالین۔ کیونکہ اگر حرام ہوتا تو ناپاک
نام قرآن مین نہوتے اور لا تقربوا الصلوٰۃ کو پڑہکر نماز چہوڑ دیجئے۔ ماشاء اللہ کیا جناب کی لیاقت
اور سمجہ ہے آپ نے جہلا کے بہکانے کو لکہا ہے۔ کہ اگر خلفاء اچہے نہ تہے اور حضرت علی مین اور اونمین
اتحاد نہ تہا تو کیون آپ نے بیٹون کے نام اون کے نامون پر رکہے۔ شیعہ اسکا یہہ جواب دیتے ہین

کہ ناموں کا اچھا برا کیا جو جی چاہو رکھلو - میں نے کہا - شیعہ لوگ پھر یزید و شمر کیوں نہیں نام رکھتے
اسپر شیعہ کچھ جواب نہیں دیتے - اگرچہ میں تفضیح الکاذبین میں اسکا جواب لکھ چکا ہوں - مگر تھوڑا سا
یہاں بھی سہی - آپ کی تحریر سے بخوبی ثابت ہوتا ہے کہ یزید اور شمر اور حضرت عمر ایک ہی رتبہ کے تھے
ورنہ آپ کے یہاں علماء اپنا نام یزید نہ رکھتے ملاحظہ ہو - یزید ابن ہارون - یزید ابن زریع - یزید الکمیت
لیکن حضرت عمر کی طرفداری میں اسکو آپ نے مرد مسلمان میں درج کرکے اپنی شرمندگی مٹانی چاہی کہ
شداد آپ کے نزدیک کیسا تھا - جو متفق علیہ کافر تھا پھر آپ کے ایک عالم کا نام شداد بن حکیم ہے - یہہ آپ ہی
لوگوں کا شیوہ ہے جو ایسے نام رکھے جاتے ہیں - اب شداد اور یزید کے ہمنام ہونے کی وجہ سے ان
علماء کی تکفیر کیجئے - اگر کوئی شیعہ عمر وغیرہ نام رکھہ لیگا تو اوسپر اور شیعہ حضرت عمر والے الفاظ استعمال کرینگے
کیونکہ حضرت علی کے سامنے لعن کا رواج تھا اسلئے نام رکھے گئے تھے - اور جب سے آپ کے
جد امجد معاویہ صاحب نے لعنت کا رواج دیا تو شیعوں نے اس نام کو اسی لحاظ سے چھوڑ دیا کہ کبھی
ہمارے برادر ہم پر بھی لعنت کرنے لگیں - نمبوری صاحب فرماتے ہیں کہ شیعوں کے اماموں میں
آپس میں جھگڑا رہا کرتا تھا - آپ کی تحریر سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ اونکو امام نہیں سمجھتے - کیونکہ
آپ کے یہاں تو دہنے جولاہے تک امام ہوتے ہیں - میری سمجھہ میں نہیں آتا کہ یزیدی لوگ
کیوں اسقدر جھوٹ گھڑتے ہیں - سوائے اسکے کہ حضرت عمر کے عیوب چھپانیکو انبیاء تک کو
خاطی اور گنہگار ثابت کرتے ہیں - اے خلیفہ جی کے شیدا آپ نے محمد ابن حنفیہ کے معاملہ کو جھگڑا
سمجھا یہہ ذکر روضۃ الصفا میں اور شواہد جامی میں ہے جو دونوں سنی ہیں آپ کو اسکی اصلیت
کب معلوم ہو سکتی ہے جب تک اہلبیتؑ سے تمسک نکریں - اسکی اصلیت یہہ ہے کہ جب
جناب زین العابدینؑ آپ کے حضرت یزید کے قید سے چھوٹ کر آئے تو مدینہ اور مکہ میں
اور قریب قریب تمام عرب میں تمام لوگ یزیدی اور عمری ہو گئے تھے - پس محمد ابن حنفیہ نے
یہہ خیال کرکے کہ یہہ لوگ ایسے نیک نہیں ہیں کہ امام زین العابدینؑ کو امام تسلیم کرینگے
لہذا مدینہ میں خود دعوی امامت کیا کیونکہ یہہ مرکز اسلام تھا اور مکہ میں جاکر حجر اسود کے سامنے
پہلے اپنا دعوی امامت پیش کیا - جب حجر اسود نے امام زین العابدینؑ کی امامت پر شہادت دی

تو فوراً بھتیجے سے بیعت کرلی - اگر اب بھی آپ نہ سمجھے ہون تو پھر مین بتاتا ہون کہ امین اونہون
نے دو مصلحتین سوچی تہین - اول یہہ کہ اہل مدینہ و اہل مکہ بڑے ہی سخت لوگ تہے مال دنیا
کے لالچ مین شمری و عمری بنگئے تہے - وہ زین العابدین کو امام نہ مانتے لہذا حضرت علی کا بیٹا ہونیکی
وجہ سے اونہون نے دعوی امامت کیا کہ یہہ لوگ مجہہ کو جہٹ پٹ امام تسلیم کرلینگے اور زین العابدین کو
کہین آپ کے حضرت زید کا قیدی کہینگے کہین سنیون کے خلیفہ برحق کے باغی کہینگے اور ان کی
امامت کو قیامت تک نہ مانینگے (جسکی نظیر آج آپ لوگ موجود ہین) بس اونہین کے خاص خاص
لوگ دونون چچا و بہتیجے کے ساتہہ گئے -

دوسری مصلحت یہہ تہی کہ امامت حقہ کے لئے حجر اسود معجزہ دکہادیگا تب ان کمبختون کو
کوئی عذر نہ رہےگا - اسلئے آپ نے امامت کا دعوی کرکے حجر اسود کے سامنے عوام الناس کے
مقابل زین العابدین کو امام تسلیم کیا اس سے بہتر کوئی ذریعہ امام زین العابدین کی شہرت کا نہین
ہوسکتا تہا مگر آپ لوگون کو اسکی تمیز کہان سے آئی بقول شخصے کہ ؎

چشم بد اندیش کہ برکندہ باد ۔ عیب نماید ہنرش در نظر ٭

مثل آپ لوگون کی اگر زید شہید اور جعفر کذاب نے دعوی امامت کیا تو آئمہ طاہرین کا کیا ہرج ہے
اور شیعون کا کیا نقصان ہے شیعہ نے تو محمد ابن حنفیہ اور زید اور جعفر کو کبھی امام تسلیم نہین کیا اور اگر
کوئی جہگڑا کرے تو جہگڑنے والے کو اپنا اختیار ہے قاعدہ عام ہے کہ ہر جہگڑا کرنے والے کے
ساتہہ خواہ وہ حق پر ہو یا ناحق پر دشمن بہت سے پیدا اوسکے ساتہہ ہی ہوجاتے ہین - بمصداق ہندی
مثل کے کہ لچ بڑے پرمیشر سے - جیسا کہ آپ کے حضرت عمر صاحب گہر پہونکنے کو چڑہ دوڑے
تو اونکا کسی نے کیا کرلیا - کتب خانہ مصر و ایران پہونکدیا اور کثرت سے علوم کو دنیا سے
گم کردیا تو کسی نے کیا کرلیا - قاعدہ ہے کہ جس سے جسکو نقصان پہونچتا ہے وہ اسکو برا کہتا ہے
اور جو لوگ فائدہ اوٹہاتے ہین وہ اوسکی تعریفین کرتے ہین جیسا کہ مرہٹہ مین جہنڈا سنگہہ ڈاکو تہا
جن لوگون کو اوس سے فائدہ پہونچا ہوگا وہ ضرور ابتک اوسکے مداح ہون گے - شیعہ کے
نزدیک اماموں مین کبہی آپس مین جہگڑا نہین ہوا - یہہ کارروائی ہی سنیون کی تہی جیسا کہ ابو حنیفہ

زید کو ادبہار دیا اور لوگون کو اون کی امامت کا فتویٰ دیکر کچھہ مال بہی اون کے پاس بہیجدیا اور بہانہ کرکے اپنی جان بچاکر اور اپنے ساتہیون کو علیحدہ کرکے زید کو لڑائی پر چڑہا دیا جسمین بڑی حکمت یہہ رکہی تہی کہ جسطرح سے بن پڑے خاندان نبوی کے آدمیون کو کٹوا کر نبی کا نام و نشان ختم کا خاتمہ کر دون مگر مشیت الٰہی اسکے خلاف تہی اسیوجہ سے حضرت پیران پیر نے ابو حنیفہ کو رافضی لکہا ہے - یہہ تو یزیدیون کا ہی طریقہ ہے کہ خدائی کے مدعی نبوت کے مدعی ہونے لگتے ہین جیسا دُہنے نے انا الحق کہا اور مرزا قادیانی نبوت کا دعویٰ کر رہے ہین مگر یزیدی ہین کہ کہٹا کہٹ اونکو ولی اللہ تسلیم کیئے جاتے ہین - کہین آئے دن مہدی پیدا ہوتے رہتے ہین - آپ کو تو حضرت عمر کے طفیل مین یہہ بہی نہین معلوم کہ امام کیونکر ہوا کرتا ہے - شیعہ کسی شخص کو امام تسلیم نہین کر سکتے جب تک کہ باضابطہ اسرار امامت اوسکے سپرد نہوئے ہون اور بفرض محال آپ یہی ہٹ دہرمی کرین کہ جہگڑا کرنے والے بہی امام تہے - (جیسا کہ آپ کے یہان دہنے جلاہے تک امام بنجاتے ہین) تو مین آپکی جہالت ثابت کرتا ہون کہ اگر آپ کے نزدیک ہر مدعی امامت امام تہا تو آپکو ماننا پڑیگا کہ جناب رسالتمآب کے مقابلہ مین جو لوگ مدعی نبوت ہوتے تہے وہ بہی نبی تہے - ای یزیدیون تم کہان تک اپنے دوستون کے عیوب چہپاؤگے مین ثابت کرتا ہون - کہ خداوند کریم نے ازل سے اس نام کو بے وفا قرار دیا ہے کہ یہہ کسی ذی روح سے وفا ہی نکرے گا اور صرفی اور نحویون نے بہی انہین دو چار نامون کو جنجہوڑا ہے اور واضعان آئین و قوانین نے بہی جہان پر بُرے کامون یا جہگڑے کی مثالین دین ہین تو - زید - عمر - بکر - خالد ہی کو پکڑا ہے - پہر آپ فرماتے ہین کہ رسول خدا کی حدیث ہی کہ خلافت تیس سال تک رہے گی اور چار خلفاء پر ختم ہوگی آپ نے اوسکی تفصیل کرکے حضرت علیؑ کے وقت تک ساڑہے اونتیس سال قرار دئے - پہر آپ لکہتے ہین کہ حضرت کی پیشین گوئی پوری ہونی چاہئے تہی تو مہاجرین و انصار نے ملکر امام حسنؑ کو چہہ مہینے کے لئے خلیفہ بنایا ماشاءاللہ یہہ تو یزیدیون ہی کو جرأت ہے کہ حضرت عمر کی طرفداری مین رسول تو درکنار قرآن کو بہی

جہٹلاوین - اچہی یک طرفہ حدیث گڑہ کر جہلاء کو دہوکہ دیا یہہ تو فرمائے کہ جب ان چارون
ہی کے لئے خلافت کے آلات اور اسباب اوترے تہے تو یہہ پانچوان کیونکر خلیفہ بنا اور چہہ مہینے
کی کمی رہکر حدیث رسول جہوٹی ہوئی آپ نے تو اس حدیث کو گڑہکر حدیث کی بہی ٹانگ
توڑ دی اور اوسکا نام پیشین گوئی رکہہ لیا حالانکہ حضرت عمر نے آپ کو اتنی تمیز نہین دی کہ حدیث
اور پیشین گوئی مین کیا فرق ہوتا ہے - مین آپ کو بتاتا ہون حدیث رسول بموجب حکم خدا کے
وما ینطق عن الہوا - الی آخرہ کے ہوتی ہے چونکہ بحکم عالم الغیب ہوتی ہے لہذا ذرا بہی غلط نہین
ہو سکتی - اور پیشین گوئی رمال و نجومی کرتے پہرا کرتے ہین جو اکثر جہوٹی ہوتی ہین - تو گویا حضرت
عمر کی طرفداری مین آپ نے اپنے رسول کو پیشین گوئی کرنے والا رمال یا نجومی قرار دیا
اور اوس حدیث کو بہی اڑا دیا جو متفق علیہ ہے کہ میرے بعد بارہ خلیفہ ہونگے اور سب قریش سے
ہون گے کہئے دونون مین کونسی حدیث صحیح ہے - اے خلیفہ جیکے شیدا اگر وہ سی سالہ حدیث
صحیح ہوتی تو یہہ حدیث اسطور پر واقع ہوتی کہ میرے بعد بارہ شخص حکومت کرینگے جسمین سے چار
تو خلیفہ جی ہون گے باقی بادشاہ ہونگے مگر اس اندہیر کو دیکہئے کہ کہین تو چار ہی آدمیون تک
خلافت مانی ہے کہین بارہ خلیفہ قرار دے لئے پہر اس اندہیر کو دیکہو کہ اوس سلسلہ کا سوت
کاتے کاتے سلطان روم تک کو خلیفہ بنا ڈالا - اب ان کور بختون سے کوئی دریافت کرے
کہ جب امام حسن کو چہہ مہینے کے لئے خلیفہ بنایا تو فہرست خلفا مین کیون نہین نام رکہا اور یہ کہ
اگر چار دن خلیفہ تین چار ہی سال کے اندر وفات پا جاتے تو تیس سال کیونکر پورے ہوتے مگر
یزیدیون کے نزدیک تو سب انہین کے ہاتون مین ہین چاہین سو بنا ڈالین انکا رسول تو
نجومی و رمالون کیطرح پیشین گوئی کرتا پہرتا ہے اور امت اوسکو کہینچ تان کر پورا کردیتی ہے
پہر ایک حدیث یہہ بہی ہے کہ جب تک یہہ بارہ خلیفہ نہون گے اوسوقت تک اسلام رہیگا
اب ان بدبختون سے پوچہا جاوے کہ بارہ خلیفہ تو تمہارے علماء نے ختم کردئے کہانتک اونکی تحقیقات گہ
ٹاؤ گے اب تم خلاف حدیث کیسے مسلمان ہو اور اب یہہ امام محمد مہدی تیرہوین امام ہون گے
اب ان تیرہوین امام کی پیدایش کی بہی کوئی حدیث گڑہو - پہر آپ فرماتے ہین کہ تاریخ اسیواسطے

شیعون سے مباحثہ نہین کرتے کہ یہہ حق پر نہین ہین - سبحان اللہ آپ کی لیاقت ملاحظہ ہو
نہٹوری صاحب آپ کی ان روباہ بازیون کی داد تو آپ کو حضرت عمری دے لینگے ذرا
حضرت عمر بخت کی قسم کہا کر ایمان سے کہنا کہ آریہ لوگ دین اسلام کے مقابلہ پر مباحثہ کرتے ہین یا
فرقے فرقے سے وہ تو دین اسلام کے مقابل بحث کرتے ہین سنی اور شیعہ کا نام نہین لیتے مگر
مین بتاؤن کہ یہہ یزیدی اسقدر حیا سے دور ہین کہ جب دباؤ پڑتا ہے تو دوڑ کر شیعون کے
آگے ہاتھ پھیلاتے ہین اور پاؤن پڑتے ہین اور جب کام نکلجاتا ہے تو منافقانہ کارروائی
کر کے حضرت عمر کی سنت پر جا بیٹھتے ہین مین آپکو قدرت کی جانب سے مثال دیتا ہون
کہ جب دنیا مین کفر وارتداد بڑھ جاتا تھا تو خداوند کریم انبیاء کو مبعوث کرتا تھا جن مین کے تھوڑے
آدمی ایمان لاتے تھے اور بہت عذاب مین مبتلا ہو کر فی النار ہوتے تھے - اب دنیا کا قاعدہ
سمجھ لیجئے کہ جب چور - بدکار - ڈاکو - باغی - کثرت سے ہوجاتے ہین تو گورنمنٹ قانون کو سخت کردیتی
ہے اور اونکے سزا دینے کو فوج و پولیس کو تعینات کیا جاتا ہے مگر نیک لوگون کو نکوئی ستاتا ہی
اور نکوئی اونسے بولتا ہے - البتہ کبھی کبھی بدون کے پڑوس کی وجہ سے نیک بھی پسنس جاتا ہے
چونکہ یزیدیون کے اعمال وافعال قبیحہ حد سے تجاوز کر گئے ہین لہذا قدرت کی جانب سے تو قحط پر قحط
اور وبا نازل ہونے لگی جن مین کوئی کوئی شیعہ بھی بوجہ تعلقات یزیدیون کے مبتلا ہوجاتا ہے -
اور دنیا مین یزیدیون کے پریشان کرنے کو ایک ایسا فرقہ پیدا ہوگیا ہے کہ جنمین ابھی جاہل
کثرت سے ہین اور عالم کم مگر شمریون کا ناک مین دم کر رکھا ہے جنکا نام آریہ ہے وہ ابھی تک
شیعہ کے طریق سے بالکل ناواقف ہین لہذا آپ ایک کام کیجئے کہ شیعہ کی اور اپنی کتب اونکے
ہاتھہ مین دیدیجئے چونکہ وہ غیر مذہب ہین لہذا وہ خوب نتیجہ نکال دینگے کہ مسلمانون مین کونسا
فریق حق پر ہے اسلئے مین مجبوراً آپکے سچے مذہب کا آئینہ آریون کے سامنے پیش کرونگا
جب آپ مانینگے -

اب مین فرق دکہلاتا ہون کہ بقول آپ کے اور تیرے پوری کے جب شیعہ مذہب کی رفتار
قیاس سے باہر ہے تو ذرا اسمین کوئی بیلائی ہے اور بلاشک اسمین پڑھے لکھے تحقیق کر کے

داخل ہوتے ہین۔ دہنے۔ جلاہے اور پاجی اقوام کم ہوتی ہین اور انشاء اللہ آے دن اسکو ترقی ہوتی رہیگی منجملہ بہت سی باتون کے صرف پانچ نام پیش کرتا ہون جن مین سے چار صاحب بفضلہ زندہ موجود ہین اونسے بذریعہ تحریر آپ دریافت کرلین۔

اول شیخ احمد صاحب مرحوم دیوبندی۔ دوسرے حسام الدین صاحب نجیب آبادی۔ تیسرے شیخ حبیب احمد صاحب سہارنپوری۔ چوتھے قاضی فقیر علیصاحب ساکن کانگڑہ جنھون نے بعد تبدیل مذہب بہت سی کتب لکھکر سنیون کا کچا چٹھا کھولکر عالم سنت پر دہا نازل کردی۔ پانچوین مولوی مقبول احمد صاحب کہ جنکے وعظ سے اکثر شخص ایمان لائے اور شمریون نے جلکر نالش پر نالش شروع کردین چونکہ اکثر اہلکار سنی المذہب ہین تو اونہون نے جھوٹی رپوٹین کرکرکے اور پیچ پر حکام کو بہکا بہکا کر اونکی صورت کو ڈراونا ظاہر کرکے لولو کا باپ یعنے الولولو بنا دیا اور کسطرح ستانے و نقصان پہونچانے سے یہہ شمری باز نہین آتے۔

چونکہ میرے ریویو کو بہت طول ہوجاویگا لہذا امین تہوری صاحب سے گزارش کرتا ہون کہ شیعون کے تو آپ ناحق منہ لگتے ہین وہ آپ کو ترکی بہ ترکی جواب دینگے۔ جسپر یزیدیون کے مرچین لگجاتی ہین مگر آپ ظفر المبین کے مسائل ملاحظہ کیجیے تو یقیناً آپ کو اپنے مذہب پر وہ جھوٹون والی آیت پڑہنا ہوگی اور کچھہ عجیب نہین ہے کہ اوسکے مقابلہ مین آپ شیعہ مذہب کو ہزار درجہ پاک وصاف سمجھین۔

فارق صاحبان نے نہج البلاغت کے خطبہ کو بالکل غلط لکھا ہے۔ وہ اوسوقت کا ذکر ہے کہ جب جناب امیرؑ مسجد کوفہ مین منبر پر تھے اور لوگ آپ کے گرد جمع تھے۔ تو آپ نے فرمایا تھا کہ تم مین بہت سے لوگ ایسے ہین جنکو مین جانتا ہون کہ حاکم شام کی اطاعت کروگے اور مجہپر سب اور دشنام کروگے۔ مگر مین آپ کی راے کے بموجب اوس ترجمہ کو تسلیم کرکے جواب دیتا ہون کہ اس سے تو عین فضل اور بزرگی جناب امیر کی ظاہر ہوئی جیساکہ عموماً قاعدہ ہے کہ جب ننگے لچے آپس مین جھگڑا اور فساد کرتے ہین اور اوسوقت کوئی بزرگ آدمی آجاتا ہے تو وہ اونسے یون کہتا ہے کہ بھائی آپس مین جھگڑا فساد مت کرو جاؤ مجھی کو برا کہلو

جتنی چاہو گالیان دے لو - مگر لوگون کی عاقبت مین خلل بٹ دالو - تو فرمائے کہ اگر
اوس بزرگ کو گالیان بہی دے لین جائین تو اوسکا کیا ہرج ہے - وہ تو ویساہی بزرگ
رہیگا - بلکہ اوس نے اس ذریعہ سے فساد کو رفع کر دیا - اسیطرح اگر جناب امیر نے
فرمایا کہ تم اونکی تابعداری کرنا اور مجہبر گالی گلوچ بکنا تو جناب امیر کا کیا نقصان ہوا - بلکہ لوگونکو
ظالمون کے ہاتون سے اور قتل ہونے سے بچا دیا - مگر آپ لوگ یون نہ مانینگے - مین
پہر آپ سے قرآن کی آیت کا انکار کرا کر آپ کو خلیفہ جی کی قدمبوسی کے لئے بہیجتا ہون - سنئے
جیسا جناب امیر نے فرمایا بجنسہ خداوند کریم قرآن شریف مین فرماتا ہے - سورہ نحل ملاحظہ ہو
مَنْ کَفَرَ بِاللّٰہِ بَعْدَ اِیْمَانِہٖ اِلَّا مَنْ اُکْرِہَ وَقَلْبُہٗ مُطْمَئِنٌّ بِالْاِیْمَانِ الی آخر
ترجمہ - جو شخص کہ کافر ہوا ساتہہ اللہ کے بعد ایمان اپنے کے - مگر جو شخص کہ زبردستی کیا گیا
اور دل اوسکا مطمئین ہے ساتہہ ایمان کے - اور لیکن وہ شخص کہ کہولے سینہ کو ساتہہ کفر
کے پس اوپر اون کے غضب ہے اللہ سے - ملاحظہ کیجئے کہ خدا کیا فرماتا ہے جس سے
صاف طور پر تقیہ ثابت ہوتا ہے - اب اوٹہئے اور حضرت عمر کی حمایت مین اپنی دیوانگی کے جوہر
دکہلائے - پہر آپ لکہتے ہین کہ حضرت علی نے جنگ صفین مین اپنے سپاہیون کو ممانعت کی
کہ تم گالی گلوچ مت بکو وہ ہمارے بہائی ہین - یون تو ہر مسلمان آپس مین بہائی ہے مگر
اس سے کونسا فخر معاویہ کو ہوگا - بلکہ اس سے حضرت علی کی فضیلت اور شرافت اور خلق
محمدی کا اظہار ہوتا ہے - کہ تم اپنی زبانون کو گندہ مت کرو اور دوسرے فریق کا باجی پن
ظاہر ہوا - فاروقی صاحب نے بہت تعجب کیا ہے کہ فلان کتاب شیعہ مین دختر مہتر امیر المومنین
لکہا ہے - مگر اونکے دماغ کو عمر صاحب کے محبت نے وہ چکر دیا ہے کہ نہ ربط عبارت کو جانسکے
ہین اور نہ دختر مہتر کے معنی سمجہے - کہ بڑی لڑکی صاحب عزت و احترام کو کہتے ہین - بلکہ
یہہ لکہہ مارا کہ ہمارے یہان مہتر خاکروب کو کہتے ہین - یہہ آپ ہی کی لیاقت ہے کہ فارسی
کے محاورہ کو اردو سے برابر کیا - مگر مین آپ کی تائید کر کے بتاتا ہون کہ اس موقع پر آپکی
اپنی طرف خیال کر کے ایسے معنی لگائے ہین - جیسا کہ آپ ہی لوگون نے - نائی اور درزی کا

نام خلیفہ رکہا ہے اور حضرت ابوبکر اور عمر کو بہی خلیفہ کہتے ہو۔ اسلیئے ایسا خیال ہوا۔ پہر آپ
لکہتے ہین کہ بس جی بس معلوم شد بافندگی بافندگی۔ اونکو شرم نہ آئی کیونکہ بافندگی تو اون قوم
مین ہے جسکا امام جولاہہ ہو۔ آپ لکہتے ہین۔ کہ تنویر البیان مین۔ اهدنا الصراط
المستقیم کو معنی یہہ لکہتے ہین کہ اس سے مراد حب علی ہے۔ تو اس حساب سے علی
کس علی کی حب چاہتے ہونگے۔ اور رسول خدا کا تو خدا ہی حافظ ہے۔ مین نے اونکے
پاس تنویر البیان بہیجی کہ دکہاو کہان لکہا ہے۔ تو جواب ندارد۔ اور اگر اس سے مراد
حب علی ہی ہے تو کیا بجا ہے حضرت نے فرمایا ہے کہ علی میرا نفس ہے مین اوس
سے ہون اور وہ مجہسے۔ لہذا جسکو حب علی نہوگی اوسکو حب رسول بہی نہوگی۔ اور جسکو حب
رسول نہوگی وہ کافر ہے۔ کیونکہ اوسکو حب خدا بہی نہین ہوسکتی۔ مگر یون آپ بتلینگے
فرمائے رسول اللہ ہر رکعت مین اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيمَ پڑہتے تہے یا نہین
اور استغفار پڑہتے تہے یا نہین۔ اور درود پڑہتے تہے یا نہین۔ تو کیا سنیون کے
اعتقاد کے بموجب رسول خدا راہ راست پر نہ تہے جو ہر وقت نماز مین ایسی دعا
کرتے تہے۔ اور اگر تہے تو تحصیل حاصل کرکے کیون فعل عبث کرتے تہے۔ اور کیون
استغفار کرتے تہے۔ اور کس محمد اور اوسکے آل پر درود پڑہتے تہے۔ اگرچہ مجہے ان
باتون کے جواب معلوم ہین۔ مگر مین جاہل سنیون کو آگاہ کرنا نہین چاہتا مین مناسب سمجہتا ہون
